# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••

**Text of Urdu News Bulletin**

**Date: 10-August-2026**

**Time: 07:40 / PM**

••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل احمد۔
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

••••••••••••••••••••••••••••

ہیڈلائنز

ا۔۔۔۔ ملک بھر میں ہر گھر ترنگا مہم کے سلسلے میں تقریبات کا انعقاد جاری // جموں وکشمیر میں بھی کئی پروگرام منعقد۔

۲۔۔۔وزیر اعلیٰ نے جموں وکشمیر کے باصلاحیت کھلاڑیوں میں 2 کروڑ 71 لاکھ روپے کے نقد انعامات کئے تقسیم // کہا سرکار کھیل سرگرمیوں کو فروغ دینے کی وعدہ بند۔

۳۔۔۔۔ وزیر تعلیم نے دیا انسداد سیلاب کیلئے جموں وکشمیر میں بنیادی ڈھانچے کو ترقی دینے پر زور۔

اور

۴۔۔۔سرکار طالب علموں کے احتجاج پر پارلیمنٹ میں بحث کیلئے تیار // مرکزی وزیر کرن رجیجو۔

ہر گھر ترنگا

ملک بھر میں شہریوں میں حب الوطنی کے جذبے کو تقویت بخشنے ،قومی یکجہتی کو فروغ دینے نیز بھارت کے گوناگوں ثقافتی ورثے کو اُجاگر کرنے کی غرض سے کل سے ہر گھر ترنگا مہم کا آغاز ہوا۔ اس سال یہ مہم اس اعتبار سے بھی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ اسی برس بھارت کے قومی گیت وندے ماترم کے **150** برس مکمل ہو رہے ہیں۔

ترنگا ریلیاں

جموں وکشمیر کے سبھی اضلاع میں ہر گھر ترنگا مہم کے تحت ریلیوں اور حب الوطنی کے پروگراموں کا انعقاد جاری ہے۔ان پروگراموں میں سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں۔پیش ہے ہمارے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

-----**V/O song**------

----Report----

-----**V/O song**------

سرینگر ریلی

سرینگر میں **12** اگست کو ایک میگا ریلی کا اہتمام ہو رہا ہے۔ڈویژنل کمشنر کشمیر کے دفتر سے جاری ایک سرکیولر میں کہا گیا ہے کہ **SKICC** سے نکالی جانے والی اس ریلی کی قیادت لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کریں گے۔ یہ ریلی باٹنیکل گارڈن میں اختتام پذیر ہوگی۔ڈویژنل کمشنر انشل گرگ نے اس سلسلے میں مختلف محکموں کے سربراہوں اور اہلکاروں کو اس ریلی میں اپنی شرکت یقینی بنانے کی ہدایت دی ہے۔

کپواڑہ ترنگا

ادھر کپواڑہ ضلعے کے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہندواڑہ نے آج افسروں کی ایک میٹنگ میں قصبے میں نکالی جانے والی ترنگا ریلی کیلئے کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔افسر موصوف نے مختلف محکموں کو قریبی تال میل بنائے رکھنے کی ہدایت دی۔

## PM ترنگا

اسی دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے شہریوں سے اپیل کی ہے وہ ہر گھر ترنگا مہم میں جوش وخروش کے ساتھ حصہ لے کر وکست بھارت کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں۔ وزارت ثقافت نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے گھروں پر قومی پرچم لہرا کر ہر گھر ترنگا ویب سائٹ پر ترنگے کے ساتھ اپنی فوٹو اپ لوڈ کریں۔

## CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج **SKICC** سرینگر میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران جموں وکشمیر کے باصلاحیت اور نامور کھلاڑیوں اور بین الاقوامی سطح کے ایتھلیٹس میں **2** کروڑ **71** لاکھ روپے کی رقم بطور نقد انعام تقسیم کی۔ وزیر اعلیٰ نے **MMA** فائٹر اویس یعقوب کی بھی عزت افزائی کی اور ان کی حالیہ کامیابی پر انہیں مبارکباد دی۔ اس موقعے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے یوٹی میں کھیل ڈھانچے اور سرگرمیوں کو فروغ دینے کے سرکار کے عزم کا اعادہ کیا۔

-----**V/O**-----

## CM مبارک

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے نیشنل ہینڈلوم ایوارڈ حاصل کرنے والے کشمیر دستکاروں منظور احمد حجام اور فیاض احمد وانی کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ ان دونوں دستکاروں نے کانی شال کی صنعت میں غیر معمولی فنکاری کا مظاہرہ کیا ہے اور ان کی محنت رنگ لائی ہے۔ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی سرکار مقامی دستکاروں کو با اختیار بنانے، روائتی ثقافت کو تحفظ فراہم کرنے اور جموں وکشمیر کی دستکاریوں کو قومی وعالمی سطح پر فروغ دینے کی وعدہ بند ہے۔

## عمر حادثہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سُپر سپیشلٹی اسپتال جموں کے نزدیک فلائی اُوَر پر ایک میٹاڈور کو پیش آئے حادثے میں 25 لڑکیوں کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ زخمیوں کو اسپتال میں فوری طبی امداد دی گئی۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔

سکینہ ایتو

اس دوران صحت وطبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج گورنمنٹ میڈیکل کالج جموں جا کر وہاں زیر علاج حادثے میں زخمی ہوئی لڑکیوں کی عیادت کی۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔

وزیر تعلیم

تعلیم اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے سیلابوں کے بڑھتے خطرات کے پیش نظر یوٹی بھر میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی کیلئے مزید لچک دار تعمیراتی طریقوں اور کفایت شعاری پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں بار بار آنے والے سیلابوں سے سبق سیکھنا ہوگا اور ایسے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کرنا ہوگی جو اس طرح کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے قابل ہو تا کہ عوام کے پیسے کو درست طریقے سے استعمال کیا جاسکے۔ وزیر آج سول سیکرٹریٹ جموں میں حالیہ دنوں میں بادل پھٹنے سے پیدا شدہ صورتحال اور مختلف محکموں کے کام کاج کا جائزہ لینے کی غرض سے بلائی گئے ایک اہم اجلاس میں اظہار خیال کر رہی تھیں۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل اپلی کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

رجیجو

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ سرکار پارلیمنٹ میں طالب علموں کے احتجاج اور اس سے جڑے دیگر معاملات پر بحث کیلئے تیار ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر صحافیوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے حزب اختلاف سے اپیل کی کہ وہ پارلیمنٹ کی کاروائی میں رکاوٹ کھڑا کئے بغیر وزیر داخلہ امت شاہ کو اس معاملے پر اپنا بیان دینے کا موقع فراہم کریں۔

جتندر سنگھ

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں ماحولیات کی نگہداشت، ترقیاتی منصوبہ بندی اور قدرتی آفات کے اثرات سے نمٹنے کے عمل میں Space ٹیکنالوجی کا بڑے پیمانے پر استعمال ہوتا ہے۔ یہ جانکاری انہوں نے راجیہ سبھا میں پارلیمنٹ ممبر غلام علی کھٹانہ کے سوال کے جواب میں دی۔

**CBC**

اطلاعات ونشریات کی مرکزی وزارت کے سینٹرل بیورو آف کمیونیکیشن کے اہتمام سے گورنمنٹ ہائر سکینڈری اسکول گاڑکھڈ سمبل بانڈی پورہ میں آج سے نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت دوروزہ پروگرام کا آغاز ہوا۔ پروگرام کا افتتاح ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے کیا۔افتتاحی سیشن میں طلباء، اساتذہ، والدین اور سرکاری اہلکاروں کے ساتھ ساتھ عام لوگوں نے بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔مقررین نے منشیات کی تباہ کاریوں، احتیاطی تدابیر، کونسلنگ اور باز آبادکاری کی ضرورت پر روشنی ڈالی۔ CBC سرینگر کے فیلڈ پبلسٹی آفیسر نصیر احمد راتھر نے شرکاء کا خیر مقدم کیا اور مرکزی سرکار کے فلیگ شپ پروگرام عوام تک پہنچانے کیلئے CBC کی سرگرمیوں کا خلاصہ کیا۔چیف ایجوکیشن آفیسر بانڈی پورہ کے علاوہ کئی دوسری اہم شخصیات بھی تقریب پر موجود تھیں۔

سپیکر

قانون ساز اسمبلی کے سپیکر اور ایم ایل اے چرار شریف عبدالرحیم راتھر نے آج اپنے حلقہ انتخاب کے وانپورہ، قاضی پورہ، تکیہ حیات پورہ اور سرائے علاقوں کا دورہ کر کے وہاں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے تکیہ ناگام۔حیات پورہ۔ڈلوان سڑک پر 2 کروڑ روپے کی لاگت اور وانپورہ۔سرائے سڑک پر 80 لاکھ روپے کی لاگت سے پُل تعمیر کرنے کا اعلان کیا۔

اسمبلی کمیٹی

قانون ساز اسمبلی کی سرکاری یقین دہانیوں سے متعلق کمیٹی کی ایک میٹنگ آج سرینگر میں اس کے چیئر مین علی محمد ساگر کی صدارت میں منعقد ہوئی۔میٹنگ میں پبلک ورکس اور مکانات وشہری ترقی محکموں کی کارگزاری کا جائزہ لیا گیا۔

سمرتھ اسکیم

ادھمپور ضلعے میں دیہی خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کیلئے سمرتھ اسکیم کے تحت ایک ماہ پر مشتمل Wool پروسیسنگ اور ہینڈلوم تربیتی پروگرام جاری ہے۔محکمہ شیپ ہسبنڈری کی جانب سے منعقدہ اس پروگرام میں 30 خواتین کو اُون کی پروسیسنگ، کاتنے، بُنائی اور معیاری اُون کی مصنوعات تیار کرنے کی عملی تربیت دی جارہی ہے۔اس اقدام کا مقصد خواتین کو بااختیار بنانے کے موقعے پیدا کرنا، روایتی دستکاری کو فروغ دینا اور دیہی معیشت کو مضبوط بنانا ہے۔

**DC** کولگام

جنوبی کشمیر کے کولگام ضلعے کے سبھی **178** پنچایت حلقوں میں پردھان منتری آواس یوجنا گرامین کے تحت گرام سبھا پروگرام جاری ہیں۔ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ کل یعنی **9** اگست کو شروع ہوئے یہ پروگرام **12** اگست تک جاری رہیں گے۔ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے عام لوگوں سے گرام سبھا پروگراموں میں شرکت کرنے کی تاکید کی۔

**----Byte Shahzad Aalam-----**

**NC**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جنگلات محکمے کے سابق پرنسپل چیف کنزرویٹر غلام حسن کانگو کے انتقال پر صدمے کا اظہار کیا ہے۔اس دوران پارٹی کی خواتین ونگ کی صدر شمیمہ فردوس نے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس کی حکومت اپنے منڈیٹ کے احترام کے اصول پر عمل پیرا ہے۔چھتہ بل سرینگر میں ایک کمیونٹی ہال کا افتتاح کرنے بعد انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر میں ترقیاتی سرگرمیاں شدومد کے ساتھ جاری ہیں۔

BJP

بی جے پی کے جنرل سیکرٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے آج پارٹی کے ہیڈکوارٹر ترکوٹا نگر میں کئی میٹنگوں کی صدارت کرتے ہوئے تنظیمی امور کا جائزہ لیا۔انہوں نے آنے والے تنظیمی اور پبلک آوٹ ریچ

پروگراموں کا جائزہ لیتے ہوئے پارٹی ممبران پر زور دیا کہ وہ پارٹی کو مضبوط بنانے اور اس کا ایجنڈا گھر گھر پہنچانے کی سمت میں کام کریں۔

حکیم یاسین

پی ڈی ایف کے سربراہ حکیم محمد یاسین نے نیشنل کانفرنس کی سربراہی والی جموں وکشمیر حکومت سے کہا ہے کہ وہ اسمبلی الیکشن کے دوران عوام کی جانب سے دئے گئے بھرپور منڈیٹ کا احترام کرتے ہوئے ان کے ساتھ ترقی، بے روزگاری کے خاتمے اور عوام کے جمہوری اور آئینی اختیارات کی بحالی جیسے کئے گئے وعدوں کو پورا کرے۔

بلتی نیوز

آکاشوانی کے ریجنل نیوز یونٹ سرینگر کو کیجول بنیادوں پر بلتی نیوز ریڈرس کم ٹرانسلیٹرس کا ایک پینل تشکیل دینا مطلوب ہے۔امیدوار کی تعلیمی قابلیت گریجویشن ہونی چاہئے۔امیدوار کیلئے انگریزی وار دو متن کو نشریاتی معیار کے مطابق بلتی میں ترجمہ کرنے کی صلاحیت ہونا لازمی ہے۔ امیدوار کی عمر 21 سے 50 سال کے درمیان مقرر کی گئی ہے۔اس سلسلے میں جموں کشمیر اور لداخ کے رہائش پذیر اہل امیدوار اپنی درخواستیں 15 اگست 2026 شام پانچ بجے تک آکاشوانی سرینگر کے ریجنل نیوز یونٹ میں جمع کر سکتے ہیں۔

حسینی مشاعرہ

اندر کلچرل فورم اندرکورٹ سوانہ واری کی جانب سے آج سالانہ حسینی مشاعرے کا انعقاد کیا گیا جس دوران سرکردہ شعراء نے امام حسینؑ اور دیگر شہدائے کربلا کو خراج عقیدت پیش کیا۔تقریب کی صدارت ادبی مرکز کمراز کے صدر محمد امین بٹ نے کی جبکہ مولانا شیخ غلام حسین متو خاص مہمان کی حیثیت سے شریک تقریب رہے۔

احد زرگر

احد زرگر میموریل ریسرچ فاؤنڈیشن کے اہتمام سے منائے جانے والے یوم احد زرگر کی تاریخ تبدیل کی

گئی ہے۔ یہ تقریب جوکہ 12 اگست کو منائی جانے والی تھی ، اب فاؤنڈیشن کے مطابق 30 اگست کو نوورہ سرینگر میں منعقد ہوگی۔

انتقال

ہمارے گاندربل کے نمائندے اور روزنامہ ''مقصد'' کے چیف ایڈیٹر صابر ایوب کے چچازاد بھائی ظہور احمد بٹ کل شام انتقال کرگئے۔اُن کے انتقال پر کئی صحافتی اور سماجی شخصیات اور تنظیموں نے دکھ کا اظہار کیا ہے۔آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ اشفاق احمد شاہ اور دیگر عملے نے بھی مرحوم کے انتقال پر رنج والم کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ ہمدردی اور تعزیت کی ہے۔لواحقین کے مطابق مرحوم کی رسم چہارم 12 اگست بروز بدھوار اُن کے آبائی گاؤں تولہ ملہ میں انجام دی جائے گی۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33.2 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19.4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34.6 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25.1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 5 بجکر 49 منٹ اور غروب آفتاب شام 7 بجکر 23 منٹ پر ہوگا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔خدا حافظ۔

.....................................